# الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT)
# تکملاتی تغذیاتی اعانت پروگرام (SNAP) اور/یا نقد فوائد پانے کے لیے اپنا بینیفٹ کارڈ کیسے استعمال کریں

## آپ کا بینیفٹ کارڈ

- اپنا کارڈ اپنے کارڈ کی آستین میں اور جب آپ اسے استعمال نہ کر رہے ہوں تو محفوظ جگہ پر رکھیں۔
- اپنے کارڈ کی پشت پر دستخط کریں۔
- اپنے کارڈ کی پشت پر سیاہ پٹی پر نہ لکھیں نہ اسے کھرچیں۔
- اپنا کارڈ مقناطیس کے قریب نہ رکھیں۔
- اگر آپ کا کارڈ خراب ہو جاتا ہے یا مڑ جاتا ہے تو، اسے بدلنا ہوگا۔
- اگر آپ کا کارڈ گم، چوری یا خراب ہو جاتا ہے تو، آپ کو سب سے پہلے EBT کسٹمرس سروس کو **1-888-328-6399** پر کال کرنا ضروری ہے۔
- Quest® کا نشان آپ کے کارڈ کی پشت پر ڈسپلے ہوتا ہے۔

## آپ کا PIN — اپنا PIN راز رکھیں۔

### ذاتی شناختی نمبروں (PINs) کے لئے نئی معلومات

میل کردہ PIN نمبر صرف ان EBT کارڈ برداروں کو دستیاب کرائے جائیں گے جن کے پاس درست سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں ہے یا اگر آپ کے کیس ورکر نے تعین کیا ہے کہ میل کردہ PIN نمبر مطلوب ہے۔ اگر آپ کو میل کردہ PIN نمبر موصول نہیں ہوتا ہے تو، آپ درج ذیل ٹول فری نمبر پر کال کر کے فون پر ایک PIN منتخب کر سکتے ہیں: 1-888-328-6399. براہ کرم یہ عمل مکمل کرنے کے لیے سوشل سیکیورٹی کی مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کو تیار رہیں۔

PIN کا مطلب ہے ذاتی شناختی نمبر۔

- آپ کا PIN آپ کا الیکٹرانک دستخط ہے۔ یہ چار (4) اعداد پر مشتمل ہوتا ہے۔
- آپ کا بینیفٹ کارڈ آپ کے PIN کے بغیر کام نہیں کرے گا۔
- اگر آپ اپنا PIN بھول جائیں یا کبھی بھی اپنا PIN تبدیل کرنا چاہیں تو، **1-888-328-6399** پر کال کریں۔ سیکیورٹی کے مقاصد کے مدنظر آپ سے مخصوص معلومات فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ آپ بیشتر سوشل سروسز آفسز میں، جاب سنٹرز اور SNAP سنٹرز پر اپنا PIN تبدیل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ اپنا PIN لگاتار چار بار غلط درج کرتے ہیں تو، آپ کا اکاؤنٹ اگلے دن تک کے لیے مسدود ہو جائے گا چاہے آپ نیا PIN منتخب کر لیں۔
- اپنا PIN اپنے کارڈ پر یا کارڈ کی آستین پر کبھی نہ لکھیں۔
- کبھی بھی کسی کو، حتی کہ اسٹور کیشیئر کو بھی، مشین پر آپ کو اپنا PIN درج کرتے ہوئے نہ دیکھنے دیں۔
- کبھی بھی اپنا PIN کسی کو نہ دیں۔ اگر کسی کے پاس آپ کا کارڈ یا کارڈ نمبر ہے اور اسے آپ کا PIN معلومے ہے تو، آپ کے سارے فوائد استعمال ہو سکتے ہیں۔
- اگر کوئی اور آپ کا کارڈ، کارڈ نمبر یا PIN استعمال کرتا ہے تو، آپ کے کے فوائد بدلے نہیں جائیں گے۔
- اگر آپ کو EBT کے اپنے فوائد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کسی فیملی ممبر کی ضرورت ہے تو، آپ کے کیس پر ایک مجاز نمائندہ نامزد کرنے کے بارے میں اپنی ایجنسی سے بات کریں۔ آپ کے منتخب کردہ مجاز نمائندہ کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے ایک ایک علیحدہ EBT کارڈ فراہم کرایا جائے گا۔

## اسٹور پر اپنا کارڈ کیسے استعمال کریں

- خریداری کرنے سے پہلے، اپنی پچھلی رسید چیک کر کے پتہ کریں کہ آپ کے اکاؤنٹ میں کتنا پیسہ ہے، یا ٹول فری **1-888-328-6399** پر کال کریں یا www.connectebt.com پر انٹرنیٹ پر چیک کریں۔
- بیشتر فوڈ اسٹورز EBT کارڈ قبول کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے کارڈ پر Quest® کا لوگو نظر نہیں آتا ہے تو بھی آپ کا کارڈ قبول کیا جا سکتا ہے۔ خریداری کرنے سے پہلے اسٹور سے معلوم کریں۔
  1. چیک آؤٹ کے وقت، آپ کا کارڈ آپ یا اسٹور کیشیئر کے ذریعے مشین پر سوائپ کیا جاتا ہے۔
  2. اسکرین پر درج ہدایات پر عمل کر کے اپنا PIN درج کریں۔ صرف آپ کو ہی اپنا PIN درج کرنا چاہیے۔
  3. کیشیئر یا مشین آپ کو خریداری کی رقم فراہم کریں گے۔ آپ وہ رقم خود سے بھی درج کر سکتے ہیں۔
  4. ہمیشہ اپنی رسید چیک کر کے یقینی بنائیں کہ EBT کی خریداری پر اتنی ہی رقم ہے جتنی کریانہ اسٹور کی رسید پر ہے۔
  5. اگر آپ سے اپنے کارڈ کی **"چابی"** درج کرنے کو کہا جاتا ہے جو ٹرانزیکشن کے لیے سے **"سوائپ"** نہیں ہو پاتا ہے کہ آپ کا کارڈ خراب ہو گیا ہے تو، آپ کو EBT کسٹمر سروس **(1-888-328-6399)** سے رابطہ کرنا اور خراب شدہ کے بطور کارڈ کی رپورٹ کرنا ضروری ہے۔ کال کے دوران ایک میل کردہ بدل کارڈ کی یا مقامی ڈسٹرکٹ آفس سے رابطہ کر کے درخواست کی جا سکتی ہے۔

## SNAP اور/یا نقد اکاؤنٹ کے اپنے بیلنسز چیک کرنا

خریداری کرنے یا نقدی نکالنے سے **پہلے** اپنا بیلنس چیک کریں!
آپ بیلنس انکوائریاں **مفت** میں کر سکتے ہیں:

- EBT ہیلپ لائن کو ٹول فری 1-888-328-6399 پر کال کر کے یا www.connectebt.com پر انٹرنیٹ پر۔
- فوڈ اسٹورز میں اپنا فوڈ اکاؤنٹ چیک کرنے کے لیے۔
- ATMs میں اپنا نقد اکاؤنٹ چیک کرنے کے لیے جہاں EBT کارڈ قبول کیے جاتے ہیں۔

**<u>SNAP کی خریداری</u>**

- اپنا SNAP بینیفٹ اکاؤنٹ غذا خریدنے کے لیے استعمال کریں۔ آپ اپنے SNAP اکاؤنٹ سے نقدی واپس نہیں پا سکتے ہیں۔
- یاد رکھیں، آپ SNAP کے اپنے فوائد سے صرف قابل اجازت غذائی آئٹمز خرید سکتے ہیں۔
- SNAP کے فائدے کے سارے ٹرانزیکشن مفت ہیں۔ SNAP کے فائدے کے ٹرانزیکشن کے لیے آپ اپنا کارڈ جتنی بار استعمال کر سکتے ہیں اس کی تعداد پر کوئی حد نہیں ہے۔

**<u>نقد خریداری</u>**

- جہاں EBT کارڈ قبول کیے جاتے ہیں وہاں آپ کا کیش بینیفٹ اکاؤنٹ استعمال کر کے کوئی بھی آئٹم خریدا جا سکتا ہے۔
- براہ کرم جان لیں کہ کاروبار کی مخصوص اقسام کو اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ وہ آپ کو اپنے احاطوں میں موجود آئٹمز خریدنے یا نقد نکالنے کے لیے آپ کو اپنے EBT کا نقد فائدہ استعمال کرنے دیں۔ یہ پابندیاں لاگو ہوتی ہیں چاہے وہ کاروبار نیو یارک میں، دوسری ریاست میں، یا قبائلی اراضی پر واقع ہو۔

کاروباروں کو درج ذیل مقامات پر آپ کو اپنا EBT کارڈ استعمال کرنے دینے کی اجازت نہیں ہے، نہ ہی آپ کو وہاں اپنا EBT کارڈ استعمال کرنا چاہیے:

- لکویئر اسٹورز
- وائن اسٹورز
- بیئر/مشروب کے مراکز
- ریس والے ٹریکس
- جوا خانے
- ویڈیو لاٹری فسیلیٹیز
- آف ٹریک بولی لگانے کی فسیلیٹیز
- کمرشیل بنگو فسیلیٹیز؛ اور
- ایسی جگہیں جو بالغوں کے لیے سمت یافتہ تفریح فراہم کرتی ہیں جن میں پرفارمرز اپنے کپڑے اتار دیتے ہیں یا بغیر کپڑوں کے پرفارم کرتے ہیں

**<u>نقد نکاسی</u>**

- کچھ اسٹور آپ کی خریداری کی لاگت سے الگ آپ کو نقد واپس موصول کرنے دیں گے۔
- کچھ اسٹور خریداری کے بغیر نقدی نکالنے دیں گے۔
- نقد واپسی یا نکاسی کے لیے قابل اجازت رقم کے سلسلے میں آپ کو اسٹور کی پالیسی پر عمل کرنا ضروری ہے۔
- اگر آپ اپنا SNAP اکاؤنٹ اور نقد اکاؤنٹ اپنی خریداریوں کے لیے استعمال کرتے ہیں تو، ہر اکاؤنٹ ڈیبٹ کرنے کے لیے آپ سے اپنا کارڈ سوائپ کرنے اور اپنا PIN درج کرنے کو کہا جائے گا۔

**<u>آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (ATM) پر اپنا بینیفٹ کارڈ کیسے استعمال کریں</u>**

- ایسی جگہ پر کوئی ATM منتخب کریں جہاں آپ محفوظ محسوس کرتے ہوں۔
- ہمیشہ ATM پر درج ہدایات پر عمل کریں۔
- اپنا کارڈ مشین میں ڈالیں۔
  - کبھی بھی کسی کو اپنا PIN آپ کے درج کرتے ہوئے نہ دیکھنے دیں۔
  - اپنا PIN درج کریں۔
  - نکاسی پر دبائیں۔
  - چیکنگ پر دبائیں۔
  - ڈالر کی جتنی رقم آپ کو چاہیے وہ درج کریں۔
  - اپنی نقدی، کارڈ، اور رسید لیں تاکہ آپ جان لیں کہ آپ کے اکاؤنٹ میں کتنا باقی بچا ہے۔
  - رسید چیک کر کے یقینی بنائیں کہ جتنی نقد رقم آپ کو موصول ہوئی ہے وہی رسید پر پرنٹ ہے۔

- جو ATM سرچارج نہیں لگاتے ہیں وہاں آپ کو ہر ماہ ATM سے دو 2)) مفت نکاسیاں ملیں گی۔
- پہلے دو کے بعد، آپ پر ATM سے ہر نکاسی پر $.45 فیس چارج کی جائے گی۔ یہ فیس صرف <u>سرچارج فری ATM</u> استعمال کرنے پر چارج کی جائے گی۔
- یہ فیس آپ کے کیش بینیفٹ اکاؤنٹ سے خود بخود کاٹ لی جائے گی۔ آپ کو کوئی اطلاع نہیں ملے گی کہ یہ فیس چارج کی جا رہی ہے۔

**<u>تنبیہ:</u>** کچھ ATM کے مقامات نقد نکاسی کے لیے $1.00 یا زائد چارج کرتے ہیں۔ کوئی نقدی نکالنے سے پہلے ATM پر سرچارج کے بارے میں آپ کو بتانے والے کسی پیغام پر نظر ڈالیں۔ سرچارج فیس ادا کرنے سے بچنے کے لیے آپ ٹرانزیکشن منسوخ کر سکتے ہیں۔

## شناخت کی چوری – EBT کے اپنے فوائد کا تحفظ کریں

**اگر کوئی آپ کو کال کرتا ہے تو، انہیں ذاتی معلومات جیسے اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر، EBT کارڈ نمبر، یا EBT کا PIN نہ دیں۔ چاہے کال کرنے والا مقامی ایجنسی کا کارکن، ریاستی، وفاقی یا EBT کا عہدہ دار ہونے کا دعوی کرے، انہیں اپنی ذاتی معلومات نہ دیں۔**

اگر آپ کو شبہ ہو یا علم ہو:

- کہ آپ کا کارڈ یا کارڈ نمبر گم یا چوری ہو گیا ہے؛
- کہ آپ کی جانب غیر مجاز کسی فرد نے آپ کے کارڈ یا کارڈ نمبر اور PIN تک رسائی حاص کی ہے؛ یا
- کہ کسی نے آپ کی شناخت کے بارے میں ایسی معلومات تک رسائی حاصل کر لی ہے جن کے نتیجے میں آپ کے فوائد کی چوری ہو سکتی ہے۔

پھر ان تین (3) مراحل پر عمل کریں:

1. آپ کو **لازماً** فوری طور پر EBT کسٹمر سروس **(1-888-328-6399)** سے یا www.connectebt.com پر انٹرنیٹ پر رابطہ کر کے اپنے EBT کارڈ کی گمشدگی یا چوری کی رپورٹ کرنی چاہیے۔ اپنا EBT غیر فعال کرنے کے لیے صرف سب سے پہلے EBT کسٹمر سروسز سے رابطہ کر کے آپ فائدے کی امکانی چوری کے خلاف خود کا تحفظ کر سکتے ہیں۔ EBT کسٹمر سروس آپ کا کارڈ غیر فعال کر دے گا تاکہ کوئی اسے استعمال نہ کر سکے۔ آپ اس وقت ایک نیا بدل کارڈ آپ کو میل کیے جانے کی بھی درخواست کر سکتے ہیں۔
2. مسئلے کی رپورٹ کرنے کے لیے اور EBT ARU PIN کی پابندی نامی چیز کی درخواست کرنے کے لیے اپنے مقامی ایجنسی کے کارکن سے رابطہ کریں۔ کارڈ بردار کی حیثیت سے، یہ طریقہ کار استعمال میں لانے کے لیے آپ کو اپنی مقامی ایجنسی میں یا اعانت مرکز پر ایک اجازت پر دستخط کرنا ہوگا۔ یہ ایک طریقہ کار ہے جسے آپ کی مقامی ایجنسی EBT کسٹمر سروس ہیلپ لائن کے ذریعے فون پر یا انٹرنیٹ کارڈ ہولڈ اکاؤنٹ ویب سائٹ پر آپ کا PIN تبدیل کرنا ناممکن بنانے کے لیے استعمال کر سکتی ہے۔ یہ طریقہ کار مکمل ہو جانے پر، PIN کی کوئی بھی تبدیلی آپ کی جانب سے، آپ کا کارڈ ہاتھ میں ہونے پر، مقامی ایجنسی میں یا اعانت مرکز پر کی جائے گی۔ یہ پابندی آپ کی درخواست پر آپ کے ایجنسی ورکر کے ذریعے ہٹائی جا سکتی ہے۔
3. اگر آپ نے اپنے کارڈ کی گمشدگی، چوری یا اس کے خراب ہونے کی رپورٹ کرنے کے لیے EBT کسٹمر سروس کو کال کرتے وقت بدل کارڈ کی درخواست نہیں کی تو، اپنے کارکن سے رابطہ کریں اور آپ کو ایک نیا کارڈ جاری کیے جانے کی درخواست کریں۔ تجویز کی جاتی ہے کہ آپ اپنے نئے کارڈ کے لیے ایجنسی میں یا اعانت مرکز پر ایک نیا PIN منتخب کریں۔

## کارڈ ہولڈ اکاؤنٹ کی ویب سائٹ

اب آپ www.connectebt.com پر لاگ ان کر کے انٹرنیٹ پر اپنے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ ویب سائٹ پہلی بار آپ کے لاگ ان کرنے کے بعد آپ کو خود اپنا اکاؤنٹ ID اور پاس ورڈ بھی بنانے دیتی ہے۔ آپ کو اپنا اکاؤنٹ بنانے کے لیے آپ کا بالکل حالیہ فعال کارڈ نمبر، اپنے کارڈ کا PIN اور اپنا زپ کوڈ استعمال کرنا چاہیے۔ مجاز نمائندے بھی خود اپنا EBT کارڈ، اپنے کارڈ کا PIN اور کلائنٹ سے متعلق زپ کوڈ استعمال کر کے اکاؤنٹ کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے یہ ویب سائٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ اپنے کارڈ نمبر، PIN اور زپ کوڈ سے آپ کے سائن ان کر لینے پر، آپ درج ذیل کام کر پائیں گے:

- اپنے اکاؤنٹ کا خلاصہ (اکاؤنٹ بیلنسز) پائیں۔
- اپنے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی سرگرمی (ٹرانزیکشن) کی تفصیلات پائیں۔
- ایک آن لائن اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ پائیں۔
- اپنا PIN تبدیل کریں (الّا یہ کہ آپ کے PIN پر پابندی لگی ہو)۔
- اپنا کارڈ خراب ہو جانے، گم یا چوری ہو جانے کی رپورٹ کریں۔

## خارج شدہ فوائد

خارج شدہ فائدہ وہ فائدہ ہوتا ہے جو نقد یا SNAP اکاؤنٹ سے **ہٹا دیا** گیا ہوتا ہے۔ کیش بینیفٹ پروگرام میں،(cash benefit program) اگر آپ اپنا اکاؤنٹ لگاتار 90 دنوں تک استعمال نہیں کرتے ہیں تو، اکاؤنٹ میں بچا کوئی نقد فائدہ جو کم از کم 90 دن پرانا ہو اسے اکاؤنٹ سے خارج کر (ہٹا) دیا جائے گا۔ آپ اپنے کارکن سے خارج شدہ صرف وہ نقد فائدہ دوبارہ جاری کرنے کی گزارش کر سکتے ہیں جس کے لیے آپ اہل ہیں۔ SNAP کے فوائد پروگرام میں، اگر آپ اپنا SNAP اکاؤنٹ لگاتار 274 دن کی مدت تک استعمال نہیں کرتے ہیں تو، اکاؤنٹ میں موجود کوئی بھی SNAP کا فائدہ جو کم از کم 274 دن پرانا ہو اکاؤنٹ سے خارج کر (ہٹا) دیا جائے گا۔ خارج شدہ SNAP کے فوائد کو دوبارہ جاری نہیں کیا جا سکتا۔

## EBT ٹرانزیکشن میں خرابیاں

کبھی کبھار EBT **سسٹم** میں نقد یا SNAP کے ٹرانزیکشن کے دوران خرابی پیش آ جاتی ہے جس کے نتیجے میں اکاؤنٹ بیلنس میں غلطی ہو جاتی ہے۔ EBT سسٹم کے ٹرانزیکشن میں خرابیوں کی کچھ مثالیں:

- اگر آپ SNAP کی خریداری کرتے ہیں، اور آپ کے SNAP اکاؤنٹ پر ایک ہی خریدای کے لیے دو بار چارج کر دیا گیا تھا؛ یا اگر ATM نے آپ کو صرف $20 دیے جبکہ آپ نے $40 کی درخواست کی، لیکن آپ کے نقد اکاؤنٹ میں اب بھی $40 چارج کیا گیا تھا۔ اگر آپ کے خیال سے **سسٹم** (نہ کہ کلرک کی یا انسانی) خرابی نے آپ کا اکاؤنٹ غلط طریقے سے کم کر دیا ہے تو، آپ EBT کسٹمر سروس سے رابطہ کر کے اکاؤنٹ ایڈجسٹمنٹ کے لیے دعوی کر سکتے ہیں۔ آپ کے پاس اپنا دعوی دائر کرنے کے لیے مشکوک ٹرانزیکشن میں خرابی کی تاریخ سے 90 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔
- SNAP اکاؤنٹ کے دعوے عموماً 15 دنوں کے اندر حل ہو جاتے ہیں۔
- نقد اکاؤنٹ کے دعوے حل ہونے میں 30 دن تک لگ سکتے ہیں۔

- EBT کسٹمر سروس آپ کو ایک دعوی نمبر فراہم کرے گی جسے آپ اپنے دعوی کی حالت چیک کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ کا دعوی حل ہونے کا انتظار کر رہے ہونے کے دوران، آپ کی مقامی ایجنسی یا اعانت مرکز اس رقم کو بدل نہیں سکتا جس پر آپ کا اختلاف ہے۔ اگر آپ کو کوئی ہنگامی یا فوری ضرورت ہو تو، آپ اس ضرورت کے سلسلے میں اپنی مقامی ایجنسی یا اعانت مرکز سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**کسٹمر سروس سے کب رابطہ کریں**

ٹول فری **1-888-328-6399** پر کال کریں
**یا**
یا **www.connectebt.com** پر انٹرنیٹ پر
**روزانہ 24 گھنٹے / ہفتے کے 7 دن**

ایک خود مختار سسٹم کے ذریعے آپ کی کال کا جواب دینا چاہیے۔ آپ کی کال ڈائریکٹ کرنے میں مدد کے لیے مینو کے اختیارات کے ذریعے آپ کی رہنمائی کی جائے گی۔ ***کال کریں اگر:***

- آپ کو اپنے SNAP کا نقد اکاؤنٹ کا بیلنس درکار ہے۔
- آپ کو اپنے SNAP کا نقد اکاؤنٹ کی معلومات کے سلسلے میں سوالات یا مسائل ہوں۔
- آپ کا کارڈ گم، چوری یا خراب ہو جاتا ہے۔
- آپ کو شبہ ہوتا ہے کہ ٹرانزیکشن کی خرابی پیش آ گئی اور آپ دعوی دائر کرنا چاہیں۔
- آپ کو اپنا بینیفٹ کارڈ یا PIN استعمال کرنے کے بارے میں معلومات درکار ہیں۔

***معذور افراد اعانت کے لیے درج ذیل نمبرات استعمال کر سکتے ہیں:***

***TTY صارفین: 1-800-662-1220***
***غیر TTY صارفین: 1-800-421-1220***
***VCO صارفین: 1-877-826-6977***

**یہ قانون ہے**

آپ کے کارڈ کے غلط استعمال یا بیجا استعمال کے نتیجے میں ریاستی اور/یا وفاقی حکام کے ذریعے تفتیش کی جائے گی۔ دستاویزی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں پابندیاں عائد کی جائیں گی جن میں شامل ہیں:

- پروگرام سے نا اہلی
- تلافی/لوٹانے کے ذریعے وصولی
- فوجداری مواخذہ کے لیے ریفرل

سسٹم کے ساتھ دھوکہ بازی یا اپنے کارڈ کا غلط استعمال ایک جرم ہے۔

وفاقی دیوانی حقوق کے قانون اور امریکی محکمۂ زراعت (U.S. Department of Agriculture, USDA) کے دیوانی حقوق کے ضوابط اور پالیسیوں کے مطابق، USDA، اس کی ایجنسیاں، دفاتر، ملازمین اور USDA پروگراموں میں شرکت کرنے والے اداروں کو نسل، رنگ، قومی بنیاد، جنس، مذہبی مسلک، معذوری، عمر، سیاسی اعتقاد، یا USDA کے زیر اہتمام یا اس سے فنڈ یافتہ کسی پروگرام یا سرگرمی میں سابقہ دیوانی حقوق کی سرگرمی کے مدنظر عناد یا انتقامی کارروائی کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے سے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

جن معذور افراد کو پروگرام کی معلومات کے لیے مواصلت کے متبادل ذرائع کی ضرورت ہوتی ہے (مثلاً بریل، بڑے حروف، آڈیو ٹیپ، امریکی اشاراتی زبان، وغیرہ)، انہیں ایجنسی (ریاست یا مقامی) سے جہاں انہوں نے فوائد کے لیے درخواست دی تھی، رابطہ کرنا چاہیے۔ جو افراد بہرے ہیں، اونچا سنتے ہیں یا جنہیں گویائی کا عذر لاحق ہے وہ USDA سے وفاقی ریلے سروس کے ذریعے 8339-877 (800)-1 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ پروگرام کی معلومات انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں بھی دستیاب کرائی جا سکتی ہیں۔

پروگرام کے حوالے سے امتیازی سلوک کی شکایت دائر کرنے کے لیے، USDA پروگرام میں امتیازی سلوک کی شکایت کا فارم (AD-3027) مکمل کریں جو:https://www.USDA.gov/oascr/filling-program-discrimination-complaint-USDA-customer پر، یا USDA کے کسی بھی دفتر میں موجود ہے، یا USDA کے پتے پر ایک خط لکھیں اور فارم میں درخواست کردہ ساری معلومات خط میں فراہم کریں۔ شکایت فارم کی نقل حاصل کرنے کے لیے، 632-9992 (866)-1 پر کال کریں۔ اپنا تکمیل شدہ فارم یا خط USDA کے پاس جمع کروائیں بذریعہ:

بذریعہ ڈاک:
U.S. Department of Agriculture
Office of the Assistant Secretary for Civil Rights
1400 Independence Avenue, SW
Washington, DC 20250-9410

فیکس: 1-(202) 690-7442

ای میل: program.intake@usda.gov

یہ ادارہ ایک یکساں موقع فراہم کرنے والا ہے۔